SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

October 11, 2021

## میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولنے کا سہل طریق کار متعارف

اسلام آباد (اکتوبر ۱۱) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سمارٹ سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز کرتے ہوئے، میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز میں سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولنے کو سہل اور آسان بنانے کے لئے نئے ریگولیٹری فریم ورک کا اجرا کر دیا ہے۔ نئے فریم ورک کے مطابق ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں (اے ایم سیز) اور پنشن فنڈ مینجرز (پی ایف ایم) سرمایہ کاروں کے اکاؤنٹ آن لائن اکاؤنٹس کھول سکتی ہیں جبکہ سرمایہ کاروں کی تصدیق سکائیپ اور وٹس ایپ کے ذریعے کی جا سکے گی۔

نئے فریم ورک میں سرمایہ کاری کی حد اور صارف کی پروفائل کی بنیاد پر اکاؤنٹس کی تین اقسام کی درجہ بندی کی گئی ہے جن میں سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹ، سہولت سرمایہ کاری اکاؤنٹ اور سرمایہ کاری اکاؤنٹ شامل ہیں۔ سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹ بغیر کسی رکاوٹ کے ڈیجیٹل والیٹس کے ذریعے اے ایم سیز کو اضافی معلومات/دستاویزات فراہم کیے بغیر کھولا جا سکتا ہے۔ دوسری قسم سہولت سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ہے جس میں بنیادی تفصیلات فراہم کر کے سرمایہ کار کی رسک پروفائلنگ کے بغیر منی مارکیٹ اور کم رسک والی انکم سکیموں میں سرمایہ کاری کی جا سکتی ہے۔ تیسری درجہ بندی سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ہے جو کسی سرمایہ کاری اور لین دین کی حد سے مشروط نہیں ہوتا لہذا اس اکاؤنٹ کے لئے اضافی قانونی دستاویزات/معلومات کی فراہمی ضروری ہے۔ سرمایہ کار متعلقہ اکاؤنٹ کی شرائط کو پورا کرتے ہوئے اپنے اکاؤنٹ کو اپ گریڈ کر سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005